فوری ریلیز کے لیے: 13/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اکنامک ڈیولپمنٹ ایوارڈز کا اعلان کیا جو 12,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 410$ ملین سے زیادہ کی طویل مدتی سرمایہ کاریوں کو فروغ دینے میں معاونت کریں گے

نیاگرا کی پن بجلی سے مغربی نیو یارک میں 100 $ ملین سے زیادہ کی نجی طویل مدتی سرمایہ کاریوں کو فروغ ملے گا

NYPA کی فنڈنگ گرین ہائیڈروجن فزیبلٹی اسٹڈی میں مدد کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے 25 کمپنیز کے لیے اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی منظوری دی ہے جو 12,000 سے زیادہ ملازمتوں — جن میں سے تقریباً 500 نئی پیدا کی گئی ملازمتیں ہیں — کی معاونت کریں گے اور طویل مدتی سرمایہ کاریوں کی مد میں 410$ ملین سے زیادہ کو فروغ دیں گے۔ ReCharge NY [پروگرام]() کے ذریعے کم لاگت والی بجلی ریاست بھر میں 23 درخواست دہندگان کو مختص کی گئی اور نیاگرا کی کم لاگت والی پن بجلی کا ایوارڈ مغربی نیو یارک میں دو فرمز کو دیا گیا۔ مزید برآں، NYPA بورڈ نے ریاست نیویارک میں ماحول دوست ہائیڈروجن استعمال میں لانے میں معاونت کے لیے مغربی نیو یارک پاور پروسیڈز ایوارڈ کی منظوری دی۔

"ہم ماحول دوست توانائی سے چلنے والی ایک ترقی کرتی، ثابت قدم معیشت کی جانب آگے بڑھ رہے ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ایوارڈز توانائی کا زیادہ مؤثر استعمال کرنے والا بنیادی ڈھانچہ قائم کریں گے، ہماری معیشت کو متحرک کریں گے، ملازمتیں پیدا کریں گے اور صاف ستھرے اور زیادہ پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کریں گے۔ میری انتظامیہ نیویارک کی طرف مستقبل کی صنعتوں کو راغب کرنے والے ماحول دوست توانائی کے منصوبوں کو ترجیح دیتی رہے گی۔"

ReCharge NY ایوارڈز

ReCharge NY پروگرام کے تحت کم لاگت والی تقریباً نو میگاواٹ (MW) منظور شدہ مختص بجلی کیپیٹل ڈسٹرکٹ، مرکزی نیو یارک، فنگر لیکس، ہڈسن ویلی، نیویارک سٹی، مغربی نیو یارک اور لانگ آئی لینڈ کی 23 کمپنیز کو دی جائے گی۔ یہ ایوارڈز براہ راست 12,000 سے زیادہ ملازمتوں - جن میں سے 458 نئی پیدا کی گئی ہیں - اور 305$ ملین سے زیادہ کی طویل مدتی سرمایہ کاری کی معاونت کرتے ہیں۔

ReCharge NY نے ریاست بھر میں سرمایہ کاری کو فروغ دیتے ہوئے، کمپنیوں کو برقرار رکھنے اور ملازمتیں پیدا کرنے کی ترغیب دے کر نیو یارک کی ریاست کی معیشت کو مضبوط کیا ہے۔ ReCharge NY سات سال تک کے بجلی کے معاہدے پیش کرتا ہے۔ آدھی بجلی - یعنی 455 میگاواٹ - NYPA کے نیاگرا اور سینٹ لارنس فرینکلن ڈی روزویلٹ ہائیڈرو الیکٹرک پاور پلانٹس سے آئے گی۔ بقیہ 455 MW کم لاگت والی بجلی ہے جو NYPA نے تھوک مارکیٹ سے خریدی ہے۔

نیویارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "ReCharge NY پروگرام کے ذریعے، NYPA نیویارک کی ماحول دوست توانائی کی معیشت کی طرف منتقلی کو آگے بڑھا رہا ہے۔ کم لاگت بجلی کا پروگرام نیویارک کی باصلاحیت افرادی قوت میں تقریباً 500 ملازمتوں کا اضافہ کرے گا اور 305$ ملین سے زیادہ کی نجی طویل مدتی سرمایہ کاریوں کے ذریعے کمیونٹیز کو نئی قوت بخشے گا۔"

آج ReCharge NY کے ذریعے، NYPA بورڈ کی طرف سے منظور کردہ کچھ قابل ذکر ایلوکیشنز میں کیپیٹل ڈسٹرکٹ میں البانی میڈیکل سینٹر، لانگ آئی لینڈ پر اربن فیلڈز ایگریکلچر اور نیویارک شہر میں مورگن اسٹینلے کو جاری شدہ ایوارڈز شامل ہیں۔

آج کے ReCharge NY پاور ایلوکیشنز اور اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی مکمل فہرست یہاں دستیاب ہے۔

ویسٹرن NY ایوارڈز

NYPA بورڈ نے مغربی نیو یارک میں دو کمپنیز کو نیاگرا کی کم لاگت پن بجلی مختص کرنے کی بھی منظوری دی: Coal Ash Recycling (CAR) اور Sonwil Distribution Center, Inc.

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے چیئرمین اور بفلو کے رہائشی John R. Koelmel نے کہا، "نیاگرا پاور پروجیکٹ سے حاصل ہونے والی پن بجلی، مغربی نیو یارک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ آج کی میٹنگ میں منظور کیے گئے پن بجلی کے ایوارڈز ان فرمز کی معاونت کریں گے جو نیویارک کے قومی سطح پر صف اول کے موسمیاتی ایجنڈے کے اہداف کو آگے بڑھاتی ہیں اور وہ اہم خدمات فراہم کرتی ہیں جو مغربی نیو یارک کی ترقی کرتی ہوئی ماحول دوست توانائی کی معیشت کو مضبوط بنائیں گی۔"

NYPA بورڈ نے CAR کی توسیع میں معاونت کے لیے 2,550 کلو واٹ (kW) پن بجلی مختص کرنے کی منظوری دی، جس سے تقریباً 45$ ملین کی طویل مدتی سرمایہ کاری آئی اور خطے میں ماحول دوست توانائی کی 20 ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں۔

CAR، جو کہ کنکریٹ بنانے کے کلیدی جزو فلائی ایش کی لینڈ فل سائٹس کا مالک ایک ادارہ ہے، اپنی فریڈونیا والی سہولت گاہ میں فلائی ایش کی صفائی اور پروسیسنگ کے لیے ایک توسیعی پروجیکٹ کی منصوبہ بندی کر رہا ہے تاکہ اسے کم کاربن والے ماحول دوست کنکریٹ کی پیداوار میں استعمال کیا جاسکے۔ فلائی ایش بجلی پیدا کرنے کے لیے زمینی کوئلہ جلائے جانے سے حاصل ہونے والی ضمنی پیداوار ہے CAR کے چوٹوکوا کاؤنٹی لینڈ فل میں 1960 سے 1980 کی دہائیوں میں ڈنکرک جنریٹنگ اسٹیشن میں پیدا ہونے والی فلائی ایش موجود ہے۔

کنکریٹ کے عام جزو سیمنٹ کی پیداوار، دنیا کے تقریباً 8 فیصد کاربن کے اخراج کی ذمہ دار ہے۔ کنکریٹ کی پیداوار میں سیمنٹ کی جگہ فلائی ایش کا استعمال کنکریٹ کی عمارتوں کی مجموعی طاقت اور پائیداری کو بہتر بنا کر ان کی زندگی بڑھاتا ہے۔ مزید برآں، یہ پانی کی بچت کرتا ہے اور گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے۔

CAR کی درخواست پر 9 دسمبر 2020 کو ٹرسٹیز کے منظور کردہ گرین جابز ایویلیوایشن انسینٹیو پلان کے تحت غور کیا گیا۔ یہ منصوبہ، NYPA کی پن بجلی کے لیے درخواستوں کا جائزہ لیتے وقت ماحول دوست توانائی کی ملازمتوں کے اثرات کو مدنظر رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ CAR کا منصوبہ، ریاست نیویارک میں صاف توانائی والی کمپنی مانے جانے کے معیار پر پورا اترتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ منصوبہ ریاست کے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ اور لو ایمباڈئیڈ کاربن کنکریٹ لیڈرشپ ایکٹ کا ساتھ دیتا ہے، جو ریاست نیویارک کے فنڈڈ پروجیکٹس میں کم کاربن والے کنکریٹ کا استعمال درکار کرتا ہے۔

Sonwil Distribution Center جو ایک اسٹوریج اور تقسیم کار کمپنی ہے اور مغربی نیو یارک میں 80 سال سے زیادہ عرصے سے قائم ہے، کو نئے کلائنٹس کو راغب کرنے کے لیے درکار اضافی صلاحیت فراہم کرتے ہوئے اپنے

موجودہ صارفین میں اضافے میں معاونت کرنے کے لیے ویسٹ سینیکا میں 334,000 مربع فٹ ڈسٹری بیوشن گودام کی تعمیر کے لیے 500 کلو واٹ پن بجلی مختص کی گئی۔ تقریباً 60$ ملین کی یہ سہولت گاہ تیار شدہ خوراک اور مشروبات کی مصنوعات کے لیے مختلف درجہ حرارت پر ذخیرہ کیے جانے، ڈسٹری بیوشن اور پیکیجنگ کے مقام کے طور پر کام کرے گی۔ یہ منصوبہ کمپنی کو موجودہ مینوفیکچررز کی ترقی میں معاونت کا موقع دے گا اور نئے مینوفیکچررز کو مغربی نیو یارک کی طرف راغب کرنے میں مدد دے گا، جس سے اضافی علاقائی اقتصادی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے اور 19 نئی، کُل وقتی، مستقل ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔

کم لاگت والی نیاگرا پن بجلی، چوٹوقوا کاؤنٹی میں پاور اتھارٹی کے نیاگرا پاور پروجیکٹ کے 30 میل کے دائرے میں موجود کمپنیز یا کاروباری اداروں کے لیے دستیاب ہے۔ نیاگرا پن بجلی خطے میں دسیوں ہزار موجودہ ملازمتوں سے منسلک ہے۔

اس کے علاوہ، NYPA بورڈ آف ٹرسٹیز نے ویسٹرن نیو یارک پاور پروسیڈز فنڈ سے 35,000$ کے ایک ایوارڈ کی منظوری دی۔

نیاگرا یونیورسٹی کو پورے کیمپس کا احاطہ کرتی فزیبلٹی اسٹڈی کی معاونت کے لیے 35,000$ کی فنڈنگ کا ایوارڈ دیا گیا، جس کے تحت ماحول دوست ہائیڈروجن کے استعمال میں اضافہ کرکے کاربن کے اخراج کو کم کرنے کی صلاحیت کا جائزہ لیا جائے۔

نیویارک ان چھ ریاستوں کے علاقائی اتحاد کی قیادت کرتا ہے جو پورے خطے میں ماحول ہائیڈروجن کے منصوبوں میں پیشرفت پر تعاون کرتی ہیں اور ہر ریاست کے آب و ہوا اور ماحول دوست توانائی کے بلند حوصلہ اہداف کے ساتھ ہم آہنگ ہے، جن میں آب و ہوا اور ماحولیاتی انصاف پر خصوصی توجہ دینا شامل ہے۔

NYPA فنڈنگ ایوارڈ، NYPA کے نیاگرا پاور پلانٹ میں پیدا ہونے والی غیر استعمال شدہ پن بجلی کی فروخت سے حاصل ہونے والی خالص آمدنی سے ممکن ہوا ہے اور اس کی بنیاد پاور پروسیڈز کا قانونی مسودہ ہے جس کو 2012 میں دستخط کر کے قانون کی شکل دی گئی۔

رکن اسمبلی Michael J. Cusick نے کہا، "نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے ری چارج نیو یارک ایوارڈز، ہماری ریاست کے آب و ہوا اور ماحول دوست توانائی کے بلند حوصلہ اہداف کو آگے بڑھاتے ہیں۔ ایوارڈز کا یہ نیا دور سینکڑوں ملازمتیں پیدا کرکے اور بڑے پیمانے پر طویل مدتی سرمایہ کاری کو فروغ دے کر نیویارک کی معیشت کو متحرک کرے گا۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کا ملک میں سب سے پہلا آب و ہوا کا ایجنڈا ملک میں آب و ہوا اور صاف توانائی کا سب سے زیادہ جارحانہ اقدام ہے، جو ریاست نیو یارک کے COVID-19 کی عالمی وباء سے بحالی کے دوران ملازمتیں پیدا کرنے والی ماحول دوست توانائی کی طرف منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو ماحول دوست توانائی والی معیشت کو فروغ دیے۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ مشترکہ طور پر، یہ سرمایہ کاری 2021 میں نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں، 2011 کے مقابلے میں شمسی توانائی کی تقسیم کے شعبے میں 2,100 فیصد اضافے اور 2035 تک 9,000 میگاواٹ آف شور ونڈ تیار کرنے کے عزم کی معاونت کر رہی ہے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس

بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418